## دہشت گرد عناصر ایک سوچی سمجھی سازش کے ذریعے شہر کا امن تباہ و برباد کرنے کے درپے ہیں، رابطہ کمیٹی
## محمد کاشف کے قتل کے واقعہ کا نوٹس لیا جائے اور دہشت گردوں کو فوری گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے
## رابطہ کمیٹی کا شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار

کراچی:۔۔۔24 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ B-58 کے کارکن محمد عارف اور محمد آصف کے بھائی محمد کاشف کو دہشت گردوں کی جانب سے تشدد کے بعد شہید کرنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور واقعہ کو کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض دہشت گرد عناصر ایک سوچی سمجھی سازش کے ذریعے شہر کا امن تباہ و برباد کرنے کے درپے ہیں اور محمد کاشف کے قتل کا واقعہ بھی اسی سازش کا حصہ ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردوں کی جانب سے محمد کاشف کے قتل کے واقعہ کا نوٹس لیا جائے اور میں ملوث دہشت گردوں کو فوری گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔

## پشاور میں 13 سالہ معصوم بچی رمشا کو 60 سالہ شخص کو فروخت کرنے اور اس شخص سے جبراً نکاح کا نوٹس لیا جائے ،گلفراز خان خٹک، یوسف شاہوانی

کراچی:۔۔۔24 مئی، 2012ء

خیبر پختونخوا اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین گلفراز خان خٹک اور یوسف شاہوانی نے پشاور میں 13 سالہ معصوم بچی رمشا کے 60 سالہ شخص سے جبراً نکاح اور شخص کی جانب سے بچی کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے اور زنجیروں میں جکڑ کر رکھنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک میں معصوم بچیوں کی جبراً شادی اور خرید و فروخت کے واقعات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے جس سے معاشرے میں بگاڑ پیدا ہو رہا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دین اسلام میں بھی بالغ لڑکی کو اپنی پسند کے مطابق شادی کی اجازت دی گئی ہے، پشاور کی 13 سالہ معصوم بچی رمشا کی 60 سالہ شخص کو فروخت کے بعد جبراً نکاح بھی جنسی ہوس کا واقعہ ہے اور درندگی کا منہ بولتا ثبوت ہے بلکہ معاشرے پر بدنما داغ ہے جس کی دین اسلام بھی کبھی اجازت نہیں دیتا۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ نابالغ معصوم بچیوں کے جبراً نکاح اور ان کی خرید و فروخت کے عمل کو روکنے کیلئے قانون سازی کی جائے اور قومی اسمبلی سے قانون پاس کروا کر اس قسم کے واقعات کی روک تھام کی جائے۔ گلفراز خان خٹک اور یوسف شاہوانی نے خیبر پختونخوا کے گورنر اور وزیر اعلیٰ سے مطالبہ کیا کہ پشاور میں 13 سالہ معصوم بچی رمشا کو 60 سالہ شخص کو فروخت کرنے اور اس شخص سے جبراً نکاح کرنے کے واقعہ کا نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کو قانون کے مطابق سزا دی جائے۔

## گوجرانوالہ میں مالکان کی جانب سے 11 سالہ گھریلو ملازمہ کو بدترین تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد سڑک پر پھینکنے پر حق پرست ارکان قومی اسمبلی کا اظہارِ مذمت
## خواتین و معصوم بچوں پر گھریلو تشدد کے واقعات آئین و قانون کے خلاف ہیں اور اس میں ملوث عناصر بدنما داغ ہے
## گورنر اور وزیر اعلیٰ پنجاب گوجرانوالہ میں 11 سالہ گھریلو ملازمہ پر بدترین تشدد کے واقعہ کا نوٹس لیں

کراچی:۔۔۔24 مئی 2012ء

حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے گوجرانوالہ میں مالکان کی جانب سے 11 سالہ گھریلو ملازمہ کو بدترین تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد سڑک پر پھینکنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو چائلڈ لیبر قوانین کی کھلی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ اس انسانیت سوز واقعہ پر ہر ذی شعور انسان کی آنکھیں نم ہیں اور اس طرح کے واقعات ہمارے معاشرے کیلئے ایسا ناسور بن چکے ہیں جو نہ صرف ہمارے قومی تشخص کو متاثر کر رہے ہیں بلکہ تہذیب اور ثقافت کے ماتھے پر سیاہ کلنک ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین و معصوم بچوں پر گھریلو تشدد کے واقعات آئین و قانون کے یکسر خلاف ہیں اور اس میں ملوث عناصر معاشرے پر بدنما داغ ہیں۔ انہوں نے متاثرہ لڑکی کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے بچی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے گورنر پنجاب لطیف کھوسہ اور وزیر اعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ گجرانوالہ میں مالکان کی جانب سے 11 سالہ گھریلو ملازمہ پر بدترین تشدد کا فوری نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث افراد کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے۔

## ایم کیوایم مستقبل میں بھی پنجابی سرائیکی عوام کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرتی رہے گی، خالد اعوان

## ذمہ داران وکارکنان قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر وفلسفے کے فروغ کیلئے اپنا عملی کردار ادا کریں

## ایم کیوایم پنجابی سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی کے چار یونٹس کی تنظیم نو

## ایم کیوایم گڈاپ ٹاؤن سیکٹر میں جنرل ورکرز اجلاس کے انعقاد کے موقع پر کارکنان سے اظہارِ خیال

کراچی ــــ ـــ23 مئی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجابی سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج خالد اعوان نے گڈاپ ٹاؤن سیکٹر کے چار یونٹس کی تنظیم نو کا اعلان کردیا، جن میں یونٹ 4/A سفیل گوٹھ، یونٹ 4/B خادم حسین سولنگی گوٹھ، یونٹ 4/C وزیر بروہی گوٹھ، یونٹ 5 خدا کی بستی شامل ہیں۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز گڈاپ ٹاؤن سیکٹر میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس کے دوران کیا۔ اس موقع پر اراکین کمیٹی رئیس احمد خان اور فضیل اسلم رانا بھی موجود تھے۔ اجلاس میں پنجابی سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج خالد اعوان نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم مستقبل میں بھی پنجابی سرائیکی عوام کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرتی رہے گی لہٰذا ایم کیوایم میں شامل ہر فرد پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر وفلسفے کے فروغ کیلئے اپنا عملی کردار ادا کرے جس کی توقعات قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہم سے رکھی ہوئی ہیں اسے پورا کرکے دکھائیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک میں شامل تمام کارکنان وذمہ داران کو چاہیے کہ اپنے علم میں اضافہ کریں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ فکر وفلسفہ کو مخلصی، دیانتداری ، ایمانداری کے ساتھ زیادہ سے زیادہ عام کریں۔ انہوں نے کہا کہ جو انقلاب سندھ کے شہریوں میں آچکا ہے ایسا ہی انقلاب ہم پنجاب بھر میں برپا کریں گے چاہئے ہمیں اس کیلئے کتنی قربانیاں دینا پڑیں ہم حق پرستی کی جدوجہد سے کبھی پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی کاوشوں سے جنوبی پنجاب صوبہ کی قرارداد منظور ہوئی۔ اس موقع پر کارکنان نے جوش وخروش سے اس عزم کا اعادہ کیا کہ منزل تک پہنچنے کیلئے ہر امتحان میں ثابت قدم رہیں گے اور قائد تحریک اور تنظیم کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہیں پہنچائیں گے۔ بعدازاں خالد اعون نے یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کیا۔ اجلاس سے پنجابی سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے جوائنٹ انچارجز شریف علی رعنا، نادر دشتی اور کمیٹی کے دیگر اراکین نے بھی اظہارِ خیال کیا۔

## ریلی پاکستان کے معاشی حب کراچی کا امن غارت کرنے کی منظّم سازش تھی۔ ایم کیوایم برطانیہ

## ریلی کی آڑ میں سندھی بولنے والے سندھیوں اور اردو بولنے والے سندھیوں کو آپس میں لڑانے کی گھناؤنی کوشش گئی

## جاں بحق ہونیوالے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

لندن ـ ـ24 مئی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کے آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کراچی میں نام نہاد قوم پرست جماعتوں اور جرائم پیشہ گروہوں کی جانب سے نام نہاد ریلی کی آڑ میں شہر بھر میں دہشت گردی اور خونریزی کا بازار گرم کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سندھ سے محبت کے نام پر نکالے جانے والی ریلی دراصل سندھی بولنے والے سندھیوں اور اردو بولنے والے سندھیوں کو آپس میں لڑانے کی گھناؤنی سازش تھی اور اس نام نہاد ریلی کی آڑ میں جس انداز میں کراچی کے معصوم شہریوں کا خون بہایا گیا اور املاک کو لوٹ کر جلایا گیا اس سے ثابت ہوگیا ہے کہ یہ سب پاکستان کے معاشی حب کراچی کا امن غارت کرنے کی منظّم سازش تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ وہی نام نہاد قوم پرست دہشت گرد ہیں جو کئی دنوں سے میڈیا پرآکر کھلے عام کراچی کے عوام کو دھمکیاں دے رہے تھے، آج انہوں نے اپنی ان دھمکیوں کو عملی جامہ پہنانے کی ناپاک کوشش کی اور اسلحہ اور گولہ بارود کی طاقت سے کراچی کو یرغمال بنانے کی کوشش کی اور پولیس، رینجرز سمیت انتظامیہ بےبس اور خاموش تماشہ دیکھتی نظر آئی۔ انہوں نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونیوالے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحتیابی کے لئے دعا بھی کی۔ متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی نے صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ پاکستان کے تجارتی مرکز کراچی میں آگ اور خون کا بازار گرم کرنے والے عناصر کی گھناؤنی سازش کو بےنقاب کیا جائے اور سفاک قاتلوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔24 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم خیبر پختونخواہ زون ضلع مردان یوسی اللہ داد خیل کے کارکن ڈاکٹر افتخار کی والدہ محترمہ مسلمہ خاتون اور ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 168 کے کارکن شہزاد ولی محمد کے والد علی محمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ملک کے نوجوان اپنے اور ملک کے مستقبل کو بچانے کے لئے ملک کے ساتھ عملی وابستگی کا ثبوت دیتے ہوئے مسائل کے حل کے لئے آگے بڑھیں اور محض تماشائی کا کردار ادا نہ کریں۔ایم کیوایم اس ملک کے 98 فیصد غریب،کمزور اور متوسط طبقہ کی واحد امید ہے۔یاسر علی

اسلام آباد۔۔۔24 مئی 2012

متحدہ قومی موومنٹ ڈسٹرکٹ اسلام آباد کے انچارج یاسر علی انے کہا ہے کہ ملک کے نوجوان اپنے اور ملک کے مستقبل کو بچانے کے لئے ملک کے ساتھ عملی وابستگی کا ثبوت دیتے ہوئے مسائل کے حل کے لئے آگے بڑھیں اور محض تماشائی کا کردار ادا نہ کریں۔ایم کیوایم اس ملک کے 98 فیصد غریب،کمزور اور متوسط طبقہ کی واحد امید ہے جوان کو عوام اور ملک کی خدمت کا حقیقی موقع فراہم کرنے پنجاب اور ملک کے دیگر حصوں میں آئی ہے۔وہ جمعرات کو ڈسٹرکٹ آفس اسلام آباد میں آئے ہوئے طلباءُ کے وفد سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر اس موقع پر ڈسٹرکٹ جوائنٹ انچارج صلاح الدین، سید راشد امین چشتی واراکین ڈسٹرکٹ کمیٹی فرحان شیخ، محمد علی اوراورنگزیب ملک بھی موجود تھے۔یاسر علی نے کہا کہ ہمارے ملک کو ہماری ضرورت ہے اوراس مقصد کے لئے ہم سب کو اپنے گلی، محلے اور علاقہ کی فلاح و بہبود اور بہتری کے لئے خود حصہ دار بننا ہوگا،اس کو اپنی ذمہ داری کے طور پر اپنانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ نوجوان اس ملک کا 65 فیصد حصہ ہیں جو نہ صرف ملک کے لئے ایک بہت بڑی قوت کی حیثیت رکھتے ہیں بلکہ اس ملک کے لئے روشن مستقبل کی امید بھی بن سکتے ہیں۔اگر نوجوان چاہتے ہیں کہ ملک میں اچھی حکمرانی،مسائل کا حل ہو اور پاکستان واقعی خودمختار ملک کردنیا میں مہذب ممالک کی صف میں شامل ہو تو وہ ذہنی طور پر بیدار ہو کر عملی کردار ادا کریں۔ایم کیوایم وہ واحد جماعت ہے جو انتخابی ٹکٹ فروخت نہیں کرتی بلکہ غریب، پڑھے لکھے اور ایماندار لوگوں کو یہ ذمہ داری دیتی ہے کہ وہ ایوان اقتدار میں بیٹھ کر اپنے جیسے عوام کے مسائل کو حل کریں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور تربیت کا کمال ہے کہ آج غریب ترین طبقات کے لوگ بھی اتنی بڑی تعداد میں اقتدار کے ایوانوں میں نمائندگی کا فرض ادا کررہے ہیں۔

## کراچی کے حالیہ واقعات پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازشوں کا حصہ ہیں،
## نام نہاد ریلی کی آڑ میں دہشت گردی اور خونریزی پر اراکین زونل کمیٹی راولپنڈی کا اظہارِ مذمت
## ریلی پر فائرنگ سے جاں بحق ہونیوالے افراد کیلئے زونل آفس میں دعا کرائی گئی

راولپنڈی۔۔۔24 مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ رولپنڈی زون کے جوائنٹ زونل انچارج ملک منیر انجم اور اراکین زونل کمیٹی نے کراچی میں سندھی قوم پرست جماعتوں، چند موقع پرست شعبدہ بازوں اور جرائم پیشہ گروہوں کی جانب سے نام نہاد ریلی کی آڑ میں دہشت گردی اور خونریزی کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایم کیوایم زونل آفس راولپنڈی کیجانب سے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ سندھ سے محبت کے نام پر نکالے جانے والی ریلی کی آڑ میں جس انداز میں معصوم انسانوں کے خون سے ہولی کھیلی گئی اور تاجروں کے املاک کو لوٹا اور جلایا گیا، اس نے ثابت کردیا کہ یہ سب دراصل پاکستان کی شہ رگ اور سندھ کے دارالحکومت کراچی کے خلاف منظّم سازش کا حصّہ تھی۔انہوں نے کہا کہ یہ دہشت گرد جو پچھلے چند دنوں سے میڈیا پر آکر کھلے عام کراچی کے عوام کو دھمکیاں دے رہے تھے،انہوں نے ایک بار پھر اسلحہ اور گولہ بارود کی طاقت سے کراچی کو یرغمال بنانے کی کوشش کی اور پولیس، رینجرز سمیت انتظامیہ بے بس اور خاموش تماشہ دیکھتی نظر آئی۔ان کا کہنا تھا کہ لمحہ فکریہ ہے کہ جو دہشت گرد اور جرائم پیشہ عناصر پولیس کو انتہائی مطلوب ہیں اور جن کے سروں کی قیمتیں تک مقرر ہیں وہ اس ریلی کی قیادت کررہے تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ کراچی کے عوام یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ آخر ان جرائم پیشہ گروہوں اور پاکستان دشمن عناصر کو کس نے کراچی کے قلب میں ریلی نکالنے کی اجازت دی؟۔انہوں نے دہشت گردی کے ریلی پر فائرنگ سے جاں بحق ہونیوالے افراد سے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ایم کیوایم زونل آفس راولپنڈی میں ان کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحتیابی کے لئے دعا بھی کی۔اراکین زونل کمیٹی نے حکومت سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ پاکستان کے تجارتی مرکز کراچی کو آگ اور خون میں دھکیلنے کی گھناؤنی سازش کو بے نقاب کیا جائے اور اس کے ذمّہ داروں کو کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے۔

## سازشی عناصر ایک مرتبہ پھر سندھ دہرتی کے امن وامان کو تباہ کرنے کی سازشیں کررہے ہیں، ایم کیوایم میرپورخاص

میرپورخاص۔۔۔24 مئی 2012ء

سازشی عناصر ایک مرتبہ پھر سندھ دہرتی کے امن وامان کو تباہ کرنے کی سازشیں کرنے لگے۔ یہ بات میرپورخاص کے زونل انچارج فرید احمد خان واراکین زونل کمیٹی نے کراچی میں ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے خلاف ایک مذمتی بیان میں کہی۔ انہوں نے شعبہ ہزارہ آرگنائزنگ کمیٹی مجاہد کالونی کے کارکن فرید شاہ کی شہادت پر گہرے دُکھ اور دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سازشی عناصر قائد تحریک الطاف حُسین بھائی کے فلسفہ حق پرستی کو روکنے کے لیے دہشت گردی پر اُتر آئے ہیں اور سندھ بھر میں انسانی جانوں سے کھیلنے لگے ہیں تاکہ لوگوں کو حق پرستی کی جدوجہد سے روکا جاسکے اور لسانی فسادات اور فرقہ وارانہ فسادات کی آگ کو بھڑکا کر ایم کیوایم کی جانب سے بھائی چارہ، امن وامان اور لسانی وفرقہ وارانہ ہم آہنگی کے لیئے کی جانے والی کوششوں کو ناکام بنایا جاسکے۔ لیکن سندھ دہرتی کے باسی ان غیر ملکی ایجنٹوں اور دہشت گردوں کی تمام سازشوں کو اچھی طرح سمجھتے ہیں کیونکہ وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ صرف ایم کیوایم ہی وہ حق پرست جماعت ہے جو بلاتفریق رنگ ونسل، مذہب ولسانیت کے انسانی خدمت کا درس دیتی ہے۔ یہی وجہ ہے آج پورے سندھ کے غریب اور مظلوم عوام جاگیرداروں اور وڈیروں کی غلامی چھوڑ کر قائد تحریک الطاف حُسین بھائی کے فکر وفلسفہ کو اپنا رہے ہیں اور سندھ دہرتی میں حق پرستی کے پرچم تلے جمع ہو کر اس عزم کا اظہار کررہے ہیں کہ حق پرستی کی اس عظیم جدوجہد میں قائد تحریک الطاف حُسین بھائی کی ساتھ رہ کر سازشی عناصر کی ہر سازش کو ناکام بنادیں گے۔

☆☆☆☆☆